# 7836 ـ میڈیکل چیک اپ کے لیے پرائیویٹ ہاسپٹل مریض بھیج کر کمیشن حاصل کرنا

**سوال**

پرائیویٹ ہاسپٹل والے سرکاری ہاسپٹل کے ڈاکٹروں کو کہتے ہیں کہ جب تم مریض ہمارے پاس ایسے ٹیسٹوں کے لیے بھیجو گے جو ہمارے علاوہ کسی دوسرے کے پاس نہیں تو ہم تمہیں اس فیس میں سے کچھ رقم بطور کمیشن دیں گے، تو کیا یہ رشوت تو شمار نہیں ہوتی ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا:

یہ رشوت اور فسادی راہ ہے، اور ممکن ہے کہ یہ کام ڈاکٹروں کو مریضوں کے ساتھ دھوکہ کی طرف لے جائے اور وہ مریض سے جھوٹ بھول کر اسے سرکاری اور مفت ہاسپٹلوں سے پرائیویٹ ہاسپٹلوں کی طرف بھیجھیں کہ اور یہ گمان کریں کہ اس کا علاج یا پھر اسے ٹیسٹ کرنے کے آلات سرکاری ہاسپٹلوں میں نہیں حالانکہ یہ سب کچھ سرکاری ہا سپٹلوں میں موجود ہے.

واللہ اعلم .